Ziarat Rasool Allah(sawaw)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ قَدْ وَقَفْتُ عَلٰی بَابِ بَیْتٍ مِّنْ بُیُوْتِ

خداوندا میں کھڑا ہوں ایک گھر کے دروازہ پر جو تیرے نبی اور تیرے نبی کی

نَبِیِّكَ وَ آلِ نَبِیِّكَ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِمُ السَّلَامُ وَقَدْ

آل کے گھروں میں سے ہے ان پر اور ان کی آل پر سلام ہو تحقیق کہ تو نے منع کیا

مَنَعْتَ النَّاسَ الدُّخُوْلَ اِلٰی بُیُوْتِهٖ اِلَّا بِاِذْنِ

ہے لوگوں کو داخل ہونے سے ان کے گھروں میں مگر باجازت تیرے نبی کے پس تو نے فرمایا

نَبِیِّكَ فَقُلْتَ یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَدْخُلُوْا بُیُوْتَ

ہے کہ اے وہ لوگ جو ایمان لائے ہو نہ داخل ہو تم گھروں میں نبیؐ کے

النَّبِیِّ اِلَّا اَنْ یُّؤْذَنَ لَكُمْ اَللّٰهُمَّ وَاِنِّیْ اَعْتَقِدُ

جب تک کہ تم کو اجازت نہ دیجائے خداوندا میں اعتقاد رکھتا ہوں

حُرْمَةَ نَبِیِّكَ فِیْ غَیْبَتِهٖ كَمَا اَعْتَقِدُ فِیْ حَضْرَتِهٖ

تیرے نبی کا ان کی غیبت میں جس طرح اعتقاد رکھتا ہوں انکی حضوری میں اور جانتا ہوں میں

وَاَعْلَمُ اَنَّ رُسُلَكَ وَخُلَفَآئَكَ اَحْیَآءٌ عِنْدَكَ

کہ تیرے رسل اور خلفاء زندہ ہیں تیرے نزدیک وہ رزق پاتے ہیں

هُمْ یُرْزَقُوْنَ یَرَوْنَ مَكَانِیْ فِیْ وَقْتِیْ هٰذَا وَ

دیکھتے ہیں میرے موجود ہونے کو اس وقت میں اور میرے زمانے میں اور

زَمَانِیْ وَیَسْمَعُوْنَ كَلَامِیْ فِیْ وَقْتِیْ هٰذَا وَیَرُدُّوْنَ

وہ سنتے ہیں میرے کلام کو اس وقت میں اور جواب دیتے ہیں مجھ

عَلَیَّ سَلَامِیْ وَاَنَّكَ حَجَبْتَ عَنْ سَمْعِیْ كَلَامَهُمْ

کو میرے سلام کا اور تحقیق کہ تو نے باز رکھا ہے میرے کان سے

وَفَتَحْتَ بَابَ فَهْمِي بِلَذِيذِ مُنَاجَاتِهِمْ فَإِنِّي

ان کے کلام کو اور کھول دیا ہے۔ تونے دروازہ کو میرے فہم کے بسبب انکی لذیذ مناجات

أَسْتَأْذِنُكَ يَا رَبِّ أَوَّلًا وَأَسْتَأْذِنُ رَسُولَكَ

کے پس میں پہلے تجھ سے اجازت چاہتا ہوں اے پالنے والے اور پھر اجازت چاہتا

صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَآلِهِ ثَانِيًا وَأَسْتَأْذِنُ خَلِيفَتَكَ

ہوں تیرے رسول سے صلوات ہو تیری ان پر اور ان کی آل پر اور اجازت چاہتا ہوں تیرے خلیفہ

الْمَفْرُوضَ عَلَيَّ طَاعَتُهُ فِي الدُّخُولِ فِي سَاعَتِي

سے جنکی اطاعت فرض کی گئی ہے مجھ پر داخل ہونے میں اس وقت انکے دولت سرا

هٰذِهِ إِلَى بَيْتِهِ وَأَسْتَأْذِنُ مَلَائِكَتَكَ الْمُوَكَّلِينَ

میں اور اجازت چاہتا ہوں تیرے ملائکہ سے جو موکل ہیں اس بقعۂ مبارک پر ایسے

بِهٰذِهِ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ الْمُطِيعَةِ لِلّٰهِ السَّامِعَةِ

ملائکہ جو مطیع و فرمانبردار ہیں۔ سلام ہو تم پر اے ملائکہ جو

السَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَيُّهَا الْمَلَائِكَةُ الْمُوَكَّلُونَ

موکل ہیں مشاہد مبارکہ پر اور رحمت خدا اور برکات ہوں

بِهٰذَا الْمَشَاهِدِ الْمُبَارَكَةِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَ

خدا کے اذن اور اس کے

بَرَكَاتُهُ بِإِذْنِ اللّٰهِ وَإِذْنِ رَسُولِهِ وَإِذْنِ

رسولؐ کے اذن اور اس کے

خُلَفَائِهِ وَإِذْنِكُمْ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ

خلفاء کے اذن اور تمہارے اذن سے رحمت خدا ہو تم سب پر داخل ہوتا ہوں

أَجْمَعِيْنَ أَدْخُلُ هٰذَا الْبَيْتَ مُتَقَرِّبًا إِلَى

میں اس گھر میں درحالیکہ تقرب چاہتا ہوں خدا سے اور اس کے

اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ الطَّاهِرِيْنَ

رسول حضرت محمد مصطفیٰ اور ان کی آل طاہرین سے

فَكُوْنُوْا مَلَآئِكَةَ اللّٰهِ أَعْوَانِيْ وَكُوْنُوْا أَنْصَارِيْ

پس ہو جاؤ اے ملائکہ خدا میرے ناصر اور مددگار یہاں تک

حَتّٰى أَدْخُلَ هٰذَا الْبَيْتَ وَأَدْعُوَ اللّٰهَ بِفُنُوْنِ

کہ داخل ہوں میں اس گھر میں اور دعا کروں خدا سے ہر طرح کی

الدَّعَوَاتِ وَأَعْتَرِفَ لِلّٰهِ بِالْعُبُوْدِيَّةِ وَلِلرَّسُوْلِ

دعاؤں کے ساتھ اور اقرار کروں خدا کی بندگی کا اور رسول کا

وَلِأَبْنَآئِهٖ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ بِالطَّاعَةِ۔

اور ان کی اولاد کی اطاعت کا رحمت خدا ہو ان سب پر

پس بسم اللہ کہہ کر داخل حرم محترم ہو اور کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَعَلٰى

داخل ہوتا ہوں میں خدا کا نام لے کر

مِلَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ رَبِّ أَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ

اور اسی سے مدد چاہتے ہوئے راہ خدا میں اور

صِدْقٍ وَّأَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ

ملت رسول خدا پر اے پالنے والے داخل کر تو مجھ کو داخل ہونا صدق کا اور خارج کر

لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا۔

مجھ کو تو خارج کرنا صدق کا اور قرار دے میرے لیے اپنی جانب سے حاکم مدد کرنے والا۔

پھر سو مرتبہ اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے اور بالائے سر اقدس رو بقبلہ ہو کر کھڑا ہو اس طرح کہ داہنے شانہ کی طرف منبر اور بائیں شانہ کی طرف قبر مطہر ہو پہلے دو رکعت نماز زیارت پڑھے پھر یہ زیارت پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

سلام ہو آپ پر اے نبیؐ خدا اور رحمت خدا ہو اور

وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا الْقَاسِمِ

برکات اس کی سلام ہو آپ پر اے ابوالقاسمؐ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا سَيِّدَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ

سلام ہو آپ پر اے سردار اوّلین و آخرین۔

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا زَيْنَ الْقِيٰمَةِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

سلام ہو آپ پر اے زینت روز قیامت سلام ہو آپ پر

يَا شَفِيْعَ الْقِيٰمَةِ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اے شفیع روز محشر گواہی دیتا ہوں کہ کوئی معبود نہیں ہے سوائے اللہ

وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّكَ عَبْدُهٗ

کے وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ بیشک

وَرَسُوْلُهٗ بَلَّغْتَ الرِّسَالَةَ وَاَدَّيْتَ الْاَمَانَةَ

آپ اس کے بندے اور رسول ہیں تبلیغ کی آپ نے رسالتؐ کی اور

وَنَصَحْتَ اُمَّتَكَ وَجَاهَدْتَ فِيْ سَبِيْلِ رَبِّكَ

ادا کیا آپ نے امانت کو اور نصیحت کی آپ نے امت کو اور جہاد کیا آپ نے راہ خدا میں

حَتّٰى اَتٰكَ الْيَقِيْنُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ وَعَلٰى

یہاں تک کہ آپ نے وصال فرمایا صلوات خدا ہو آپ پر اور آپ کے

اَهْلِ بَيْتِكَ طِبْتَ حَيًّا مَيِّتًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ

اہل بیت پر آپ پاک رہے زندگی میں پاک رہے بعد وفات کے صلوات خدا ہو آپ

وَعَلٰى اَخِيْكَ وَوَصِيِّكَ وَابْنِ عَمِّكَ اَمِيْرِ

کے بھائی اور وصی پر اور آپ کے ابن عم امیر المومنینؑ اور

الْمُؤْمِنِيْنَ وَعَلٰى ابْنَتِكَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ

آپ کی صاحبزادی پر جو سردار ہیں تمام عورات

الْعَالَمِيْنَ وَعَلٰى وَلَدَيْكَ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ

عالم کی اور آپ کے دونوں فرزند حضرت امام حسنؑ و حضرت امام حسینؑ

اَفْضَلُ السَّلَامِ وَاَطْيَبُ التَّحِيَّةِ وَاَطْهَرُ

پر بہترین سلام و پاکیزہ تحفہ اور پاک تر

الصَّلٰوةِ وَعَلَيْنَا مِنْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ

صلوات اور ہم پر نازل ہو آپ کی جانب سے سلام و رحمت خدا

اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اور برکات اس کی۔